Maulana Azad National Urdu University

Master of Social Work, I Semester Examination - December - 2019

Paper : MMSW102CCT : Sociology for Social Work

پرچہ : سماجیات برائے سوشل ورک

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) سماجیات کی تعریف کے لیے کون سا جواب صحیح ہے:

I- سماج کا سائنس طرز پر مطالعہ کرتی ہے
II- فرد اور سماج کے درمیان ربط کو واضح کرتی ہے
III- سماجی زندگی اور سماجی اداروں کا مطالعہ کرتی ہے
IV- سماجی بدلاؤ کے پیٹرن کا مطالعہ کرتی ہے۔

(a) III, II اور IV (b) II,I اور IV (c) III,I اور IV (d) III,II,I اور IV

(ii) دیگر سائنسز کی طرح سماجی مسائل کا بھی سائنسی طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔ یہ بات کس نے کہی ہے؟

(a) آگسٹ کامٹ (b) امائیل درکھائم (c) ہربرٹ اسپنسر (d) میک آئی ور

(iii) سماجیاتی تخیل یعنی سوشیولوجیکل امیجی نیشن کا تصور کس نے دیا ہے؟

(a) اینتھنی گڈنس (b) سی رائٹ ملز (c) کارل مارکس (d) میکس ویبر

(iv) اگر کوئی فرد معاشرے میں ایڈجسٹ نہ کر پانے کی وجہ سے خودکشی کرتا ہے تو وہ درکھائم کے مطابق خودکشی کی کون سی قسم ہے۔

(v) سماجیات کی کسی ایک کتاب کا پورا نام درج کریں۔

(vi) 'سماجی اداروں کے Manifest اور Latent دونوں طرح کے فنکشن ہوتے ہیں۔' یہ بات.................. نے کہی ہے

(vii) فیملی ایک پرائمری گروپ ہے۔ (صحیح/ غلط)

P.T.O

(viii) اگر کوئی فرد اپنی گھریلو اقدار کی وجہ سے اپنی پسند کے مطابق کوئی کام نہیں کر پاتا ہے تو اس کے پیچھے کیا وجہ ہوتی ہے؟

(a) انفرادی سوچ (b) رسمی سماجی کنٹرول (c) مذہبی دباؤ (d) غیر رسمی سماجی کنٹرول

(ix) کیا ہندوستان میں معاشی حرکت پذیری کی وجہ سے سماجی مرتبہ بھی بدل جاتا ہے۔ (ہاں/نہیں)

(x) درج ذیل میں کون سا سماجی تربیت کا ادارہ نہیں ہے؟

(a) اسکول (b) صنف (Gender) (c) پیئر گروپ (d) فیملی

حصہ دوم

(2) بدلتے ہوئے سماج میں ہندوستان کے دیہی علاقوں کی خصوصیات درج کریں۔

(3) سماجیات کا تصور پیش کریں۔ سماج کے بارے میں امائیل درکھائم کے خیالات بیان کریں۔

(4) ثقافت کیا ہے؟ فرد کی زندگی میں ثقافتی اقدار کی اہمیت کو واضح کریں۔

(5) سماجی کنٹرول کیا ہے؟ کیا فرد کے لیے سماجی کنٹرول کی ضرورت ہے؟ بیان کریں۔

(6) ہندوستانی سماج میں ذات پات پرستی انسانوں کی نفسیات میں شامل ہوگی ہے۔ مثالوں کے ذریعہ واضح کریں۔

(7) انسان کی زندگی میں مذہب کی اہمیت واضح کریں۔ کسی سماجیات کے مفکر کی مدد سے اس تصور کو بیان کریں۔

(8) سماجی ڈھانچے کے بارے میں مختصر مضمون لکھیں۔

(9) فرقہ پرستی پر نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

(10) سوشل ورک میں سماجیات کی اہمیت کو تفصیل سے بیان کریں۔

(11) سماجی درجہ بندی میں ذات اور کلاس کے تصور کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

(12) سماجیاتی تخیل یا سوشیولوجیکل امیجی نیشن اور فہم عامہ کے درمیان فرق کو مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔

(13) سماجی بدلاؤ کے تصور کو تفصیل سے بیان کریں۔

(14) سماجی ادارے کیا ہیں؟ کسی دو سماجی اداروں کا تنقیدی جائزہ لیں۔

☆☆☆